پریس ریلیز

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا حافظ آباد میں تھانہ صدر پنڈی بھٹیاں کی حدود سے محنت کش محمد اشرف کے اغواء کا نوٹس۔

آج مورخہ 24 ستمبر 2024 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے حافظ آباد کی تحصیل پنڈی بھٹیاں سے محنت کش محمد اشرف کے اغواء کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ صدر پنڈی بھٹیاں اور متعلقہ تفتیشی افسر کو پنجاب کریمنل پراسیکیوشن سروس ایکٹ 2006 کی دفعہ (3)10 کے تحت ریکارڈ سمیت طلب کر لیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے دوران کارروائی ریکارڈ ملاحظہ کرتے ہوئے ایس ایچ او اور تفتیشی افسر سے استفسار کیا کہ یکم جولائی 2024 کو غریب محنت کش اغواء ہوا تقریبا اڑھائی ماہ گزر جانے کے باوجود مغوی کو بازیاب کیوں نہ کروایا گیا پولیس نے ملزمان کو گرفتار کرنے اور مغوی کی بازیابی کیلئے کیا تحرک کیا؟ جس پر ایس ایچ او اور تفتیشی افسر کا کہنا تھا کہ مقدمہ میں نامزد ملزمان سے قسم نیاں لیا گیا ھے جس کی روشنی میں ملزمان بے گناہ پائے گئے ہیں۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے ایس ایچ او اور تفتیشی افسر کے غیر ذمہ دارانہ اور تفتیش کے لئے غیر قانونی طریقہ جات استعمال کرنے پر سرزنش کی اور کہا کہ ضابطہ فوجداری کے مطابق فوجداری مقدمات کی تفتیش قسم نیاں پر نہیں ہو سکتی ایسی تفتیش کی قانون کی نظر میں کوئی حیثیت نہیں۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے لائن آف انکوائری جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے جلد از جلد مغوی کو بازیاب کروایا جائے اور مقدمہ کی تفتیش میرٹ پر کرنے کی ہدایات بھی جاری کیں۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ پولیس کی ناقص کارکردگی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد کو مغوی کو بازیاب کروانے اور پولیس کے غیر ذمہ دارانہ رویہ اور ناقص تفتیش پر ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی کے لیے مراسلہ بھی جاری کر دیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر حافظ آباد کو بھی مراسلہ جاری کر دیا کہ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس کی طرف سے جاری کردہ گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور اس مقدمہ میں تفتیشی افسر کو مکمل قانونی معاونت فراہم کی جائے۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا کہنا تھا کہ وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے ویژن کے مطابق شہر یوں کی جان ومال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح اور قانونی ذمہ داری ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ قانون کی حکمرانی پر مکمل یقین رکھتی ہیں اور ان کا حکم ہے کہ پنجاب کے تمام شہریوں کو قانون کے مطابق انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ مغوی کی بازیابی کیلئے ریاست اپنے تمام وسائل استعمال کرے گی اور جلد ہی ملزمان قانون کی گرفت میں ہوں گے۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)